نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے جنوری کے پہلے پندھرواڑے کے دوران کماد کے کاشتکاروں کیلئے ہدایات جاری کر دیں

لاہور05 جنوری2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کماد کے کاشتکار فصل کی کٹائی جاری رکھیں۔ ستمبر کاشتہ اور مونڈھی فصل کو پہلے کاٹیں۔ فصل کی کٹائی سطح زمین سے آدھا تا ایک انچ گہرا کریں کیونکہ زیر زمین پڑی آنکھیں زیادہ صحت مند موحول میں پھوٹتی ہیں اور مڈھوں میں موجود گڑووں کی سنڈیاں تلف ہو جاتی ہیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ مونڈھی فصل رکھنے کے لیے کٹائی 15 جنوری کے بعد کریں۔ بہاریہ کماد کی کاشت کے لیے زمین کا انتخاب اور دوسرے وسائل کا بندوبست کریں۔ کورے کے اندیشے کے پیش نظر کھڑی اور خاص طور پر بیج کے لیے تیار کی گئی فصل کو آبپاشی کریں۔ کٹائی کے بعد گنا جلد از جلد مل کو سپلائی کریں تاکہ وزن اور ریکوری میں کمی نہ آئے۔

☆☆☆☆